پریس ریلیز (Also emailed*/faxed separately)

رائے عامہ سروے

# صحت

# کورناوائرس

## ہر 5 میں سے تقریباً 2 پاکستانی (42%) اب بھی سمجھتے ہیں کہ کوروناوائرس ایک غیر ملکی سازش ہے، یہ شرح اگست 2021 میں منعقد کیے جانے والے گیلپ کوویڈ ٹریکر میں 49% سے کم ہے۔

(گیلپ & گیلانی پاکستان پول)،

(اسلام آباد)، 14 اپریل، 2022


گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، ہر 5 میں سے تقریباً 2 پاکستانی (42%) اب بھی سمجھتے ہیں کہ کوروناوائرس ایک غیر ملکی سازش ہے، یہ شرح اگست 2021 میں منعقد کیے جانے والے گیلپ کوویڈ ٹریکر میں 49% سے کم ہے۔

کوویڈ-19 ٹریکر سروے کی ویو-13 کی مکمل رپورٹ کے لیے، براہ مہربانی یہاں کلک کریں:

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ، **"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ مندرجہ ذیل عبارتوں سے کس حد تک متفق یا غیر متفق ہیں کہ میرے خیال میں کوروناوائرس ایک غیر ملکی سازش ہے؟"**۔اس سوال کے جواب میں 28% جوابدہندگان اس بات سے "بلکل غیر متفق" ہیں کہ کوروناوائرس ایک غیر ملکی سازش ہے، 14% جوابدہندگان اس بات سے "کسی حد تک غیر متفق" ہیں کہ کوروناوائرس ایک غیر ملکی سازش ہے، 16% جوابدہندگان اس بات سے "کسی حد تک متفق ہیں" کہ کوروناوائرس ایک غیر ملکی سازش ہے، جبکہ 26% جوابدہندگان اس بات سے "بلکل متفق" ہیں کہ کوروناوائرس ایک غیر ملکی سازش ہے، 14% جوابدہندگان کو اس حوالے سے کچھ معلوم نہیں ہے، جبکہ 2% جوابدہندگان نے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**" برائے مہربانی بتائیں کہ آپ مندرجہ ذیل عبارتوں سے کس حد تک متفق یا غیر متفق ہیں کہ میرے خیال میں کوروناوائرس ایک غیر ملکی سازش ہے"**

**پاکستان بھر سے**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

## تقابلی جائزہ:

یہ دیکھا جاسکتا ہے کہ وقت کے ساتھ ساتھ کوویڈ-19 ایک غیر ملکی سازش ہے کے حوالے سے رائے رکھنے والوں کی شرح تقریباً یکساں رہی، ملک میں کیسز میں اضافے اور کمی سے اس تاثر میں زیادہ تبدیلی نظر نہیں آتی۔

### تقابلی جائزہ





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com*

## جنس کے اعتبار سے نتائج:

41% خواتین کی نسبت 43% مرد حضرات اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ کورونا وائرس ایک غیر ملکی سازش ہے۔

### جنس کے اعتبار سے نتائج




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1865 مرد و خواتین سے 22 دسمبر 2021 تا 15 جنوری 2022 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, April 14, 2022**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website:* [www.gallup-international.com](www.gallup-international.com)

Daily Gilani Poll
2022

celebrating 42 years of Gallup Pakistan (1980-2022)